**15.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ضمیر رضوی

**Music**

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے سورت میں زیر تعمیر بُلٹ ٹرین اسٹیشن کا دورہ کیا اور ممبئی-احمدآباد ہائی اسپیڈ ریل کوریڈور کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

☆ ملک، اپنی ترقی میں قبائلی برادری کے تعاون کے اعتراف طور پر آج جن جاتیہ گورَو دِوَس منا رہا ہے۔

☆ کشمیر کے نوگام پولیس اسٹیشن میں ہوئے حادثاتی دھماکے میں 9 لوگوں کی موت ہوگئی اور 32 زخمی ہوگئے۔

☆ بھارت اور پیراگوئے نے دو طرفہ، علاقائی، کثیر جہتی اور عالمی سطح پر تال میل پر مبنی کوششوں کے ذریعے دہشت گردی سے لڑنے کے اپنے عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ اور ڈھاکہ میں ایشیائی چیمپئن شپ کے خواتین کے Recurve زمرے میں انکیتا بھکت انفرادی تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Gujarat Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ممبئی-احمد آباد ہائی اسپیڈ ریلوے کاریڈور- MAHSR کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے گجرات کے شہر سورت میں Bullet ٹرین کے زیرِ تعمیر اسٹیشن کا معائنہ کیا۔ وزیر اعظم آج صبح سورت ہوائی اڈے پر اُترے اور Antroli پہنچے، جہاں Bullet ٹرین اسٹیشن کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ جناب مودی نے متعلقہ حکام سے بات چیت کی اور تعمیری کام کا معائنہ کیا۔

ممبئی-احمد آباد ہائی اسپیڈ ریلوے کاریڈور، بھارت کے سب سے زیادہ امنگوں والے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں سے ایک ہے، جو تقریباً 508 کلومیٹر طویل ہے، جن میں سے 352 کلومیٹر کا حصہ گجرات اور دادر و نگر حویلی میں، جبکہ 156 کلومیٹر کا حصہ مہاراشٹر میں واقع ہے۔

یہ کاریڈور سابرمتی، احمد آباد، آنند، وڈودرا، بھروچ، سورت، بلمورا، واپی، بوائیسر ، ویرار، تھانے اور ممبئی جیسے بڑے شہروں

کو آپس میں جوڑے گا، جو بھارت کے نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے میں یکسر تبدیلی لانے والا ایک قدم ہے۔

بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید انجینئرنگ تکنیکوں سے تیار کیے جارہے اِس پروجیکٹ کے 465 کلومیٹر (یعنی تقریباً 85 فیصد) حصے پر Viaducts تعمیر کیا جا رہا ہے، جس سے زمین کی کم سے کم کھدائی اور زیادہ سے زیادہ حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ اب تک 326 کلومیٹر Viaducts کا کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ دریاؤں پر بنائے جانے والے 25 میں سے 17 پل بھی تیار ہوچکے ہیں۔

پروجیکٹ مکمل ہونے کے بعد Bullet ٹرین ممبئی اور احمد آباد شہروں کے درمیان سفر کا وقت کم کرکے تقریباً دو گھنٹے کر دے گی، جس سے ایک شہر سے دوسرے شہر میں سفر تیز، آسان اور زیادہ آرام دہ ہو جائے گا۔ یہ پروجیکٹ پورے کاریڈور میں کاروبار، سیاحت اور اقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ کرکے علاقائی ترقی کا بھی باعث بنے گا۔

سورت- بلمورا سیکشن، جو تقریباً 47 کلومیٹر پر مشتمل ہے، تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، جہاں سول ورک اور Track-Bed بچھانے کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ سورت اسٹیشن کے ڈیزائن میں شہر کی عالمی شہرت یافتہ ہیرے کی صنعت کی خوبصورتی اور کام کا امتزاج نظر آتا ہے۔

مسافروں کی آسانی کو مدِنظر رکھتے ہوئے اِس اسٹیشن کو تیار کیا گیا ہے، جس میں کشادہ ویٹنگ لاؤنج، واش رومز اور خردہ دکانیں شامل ہیں۔ یہ اسٹیشن سورت میٹرو، سٹی بسوں اور بھارتی ریلوے کے نیٹ ورک کے ساتھ بھی آسانی سے منسلک ہوگا۔

بعد میں، جناب مودی نرمدا ضلعے کے قبائلی اکثریتی قصبے Dediapada جائیں گے، جہاں وہ قبائلی رہنما برسامنڈا کے یومِ پیدائش کی تقریب کے موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کریں گے۔ وہ 9 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

اجتماع سے خطاب سے قبل، وزیر اعظم دیو موگرا گاؤں کی Pandori ماتا مندر میں پوجا کریں گے، جو قبائلی برادری کی دیوی ہیں۔ یہ مندر Dediapada سے 23 کلومیٹر کے فاصلے پر Sagbara تعلقہ میں واقع ہے۔x

## PM - Address Bihar Win

وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ بہار اسمبلی انتخابات کی جیت، ترقی کی سیاست کا مینڈیٹ ہے اور اقرباء پروری کی سیاست کو مسترد کرنا ہے۔ نئی دلّی میں کل رات پارٹی صدر دفتر پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ بہار کے خواتین کی جیت ہے، جنہوں نے آر جے ڈی کے جنگل راج کا عتاب جھیلا ہے۔ جناب مودی نے جمہوریت میں اعتماد ظاہر کرنے پر لوگوں کو اور ریکارڈ تعداد میں ووٹنگ کرانے پر انتخابی کمیشن کو مبارکباد دی۔ وزیر اعظم نے اِسے جمہوریت کی فتح قرار دیا، جس سے ملک کے انتخابی نظام میں اعتماد مضبوط ہوا ہے۔x

## PM JHARKHAND

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے جھارکھنڈ کے یومِ تاسیس پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، صدر مرمو نے کہا کہ بھگوان برسا منڈا کی زمین کے ہنرمند اور محنتی لوگ پورے ملک میں ریاست کے لوگوں کی شان بڑھا رہے ہیں۔×

## Janjatiya Gaurav Diwas

مجاہد آزادی اور قبائلی رہنما بھگوان برسا منڈا کی 150 ویں جینتی کے موقع پر ملک آج جن جاتیہ گورو دوس منا رہا ہے۔ مرکز نے قبائلی تاریخ کو زندہ رکھنے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے 15 نومبر کو جن جاتیہ گورو دوس قرار دیا ہے۔ کئی برسوں میں یہ اہتمام، جن جاتیہ گورو ہفتے میں بدل گیا ہے، جس کے تحت مختلف وزارتوں اور ریاستوں میں ثقافتی تقریبات، نمائشوں اور تعلیمی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ ساتھ ہی قبائلی ہیروز کے ورثے کو بھی زندہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔×

## MHA Nowgam

جموں و کشمیر میں کل رات Nowgam پولیس اسٹیشن میں حادثاتی طور پر ہونے والے ایک دھماکے میں 9 افراد کی موت ہوگئی۔ جموں و کشمیر کے ڈی جی پی Nalin پربھات نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں ریاستی تحقیقاتی ایجنسی- SIA کا ایک اہلکار، فارینسک سائنس لیبارٹری - FSL ٹیم کے تین اہلکار، کرائم سین کے دو فوٹوگرافر، مجسٹریٹ کی ٹیم کے دو ریونیو اہلکار اور ایک درزی شامل ہیں، جو ٹیم سے وابستہ تھے۔

نئی دلّی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے، وزارتِ داخلہ میں جموں و کشمیر ڈویژن کے جوائنٹ سیکریٹری پرشانت لوکھنڈے نے بتایا کہ واقعے میں 27 پولیس اہلکار، دو ریونیو اہلکار اور تین عام شہری زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں حکومت جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ ہے۔

جناب لوکھنڈے نے بتایا کہ دھماکہ اس وقت ہوا، جب ایک دہشت گرد نیٹ ورک کی تفتیش کے دوران برآمد کیے گئے دھماکہ خیز مواد اور کیمیکلز کے بڑے ذخیرے کو پروسیس کیا جارہا تھا۔ انہوں نے کہ یہ دھماکہ خیز مواد پولیس اسٹیشن کے ایک کھلے اور محفوظ مقام پر رکھا گیا تھا اور معیاری طریقۂ کار کے مطابق اِسے فارینسک جانچ کیلئے پروسیس کیا جارہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ یہ مواد انتہائی حساس اور غیر مستحکم تھا، اس لیے اسے انتہائی احتیاط کے ساتھ ہینڈل کیا جا رہا تھا۔

**SB - JS MHA**

جناب لوکھنڈے نے مزید بتایا کہ پولیس اسٹیشن کی عمارت سمیت آس پاس کی کچھ دیگر عمارتوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی وجوہات کی تحقیقات جاری ہیں اور دیگر غیر ضروری قیاس آرائی سے گریز کیا جانا چاہیے۔

## Delhi Blast - Doctors licence

نیشنل میڈیکل کمیشن، NMC نے انڈین میڈیکل رجسٹر یا نیشنل میڈیکل رجسٹر سے 4 ڈاکٹروں کے ناموں کو حذف کردیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ یہ کارروائی دلّی دھماکے کے بعد ڈاکٹر مظفر احمد، ڈاکٹر عدیل احمد راتھر، ڈاکٹر مزمل شکیل اور شاہین سعید کے خلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت درج کی گئی FIR کے بعد کی گئی ہے۔ کمیشن نے مزید کہا کہ یہ پیشہ ور افراد اگلے احکامات تک پریکٹس نہیں کرسکتے اور نہ ہی کوئی میڈیکل تقرری

حاصل کرسکتے ہیں۔×

**IND - Paraguay**

بھارت اور پیراگوئے نے دو طرفہ، علاقائی، کثیر جہتی اور عالمی سطح پر تال میل پر مبنی کوششوں کے ذریعے دہشت گردی سے لڑنے کے اپنے عزم کو دوہرایا ہے۔ Asuncion میں مشترکہ کمیشن میکانزم کی پہلی میٹنگ کے دوران فریقین اِس بات پر متفق ہوئے ہیں کہ دہشت گردی، اپنی سبھی شکلوں میں بین الاقوامی امن اور سلامتی کیلئے خطرہ ہے۔ دونوں فریق باہمی فائدے کیلئے سلامتی اور سائبر سکیورٹی کے شعبوں میں اشتراک کو بڑھانے اور دو طرفہ تال میل کے میکانزم کو مضبوط کرنے پر بھی متفق ہوئے ہیں۔ اِس میٹنگ کی صدارت پیراگوئے کے خارجی امور کے نائب وزیر Victor Verdun اور وزارت خارجہ میں مشرقی امور کے سکریٹری Periasamy Kumaran نے کی۔ اِس دوران دو طرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جامع جائزہ لیا گیا۔×

**ARCHERY**

ڈھاکہ میں جاری ایشیائی تیر اندازی چیمپئن شپ میں Ankita Bhakat ، خواتین کے Recurve مقابلے میں بھارت کی جانب سے پہلی انفرادی ایشیائی چیمپئن بن کر ابھری ہیں۔ انھوں نے اولمپک سلور میڈلسٹ Nam Su-hyeon کو 7-3 سے شکست دے کر جیت حاصل کی ہے۔×

**Sikkim Tourism**

سکم میں سیاحت کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری سی ایس راؤ نے کہا کہ مرکزی حکومت کی ’’ Battle فیلڈ ٹورزم‘‘ پہل کے تحت ڈوکلام اور Cho La کو، اس سال 15 دسمبر تک سیاحوں کیلئے کھول دیا جائے گا۔ اس سے قبل ان دونوں اسٹریٹیجک مقامات کے افتتاح کی تاریخ 27 ستمبر مقرر کی گئی تھی لیکن بعد میں ریاستی حکومت نے اس کی نئی تاریخ طے کی۔ گینگٹوک میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب راؤ نے کہاکہ زیرِ التواء تمام کاموں کا اب تیزی کے ساتھ مکمل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ مقامات پر بنیادی ڈھانچے کا کام جلد مکمل ہونے کی امید ہے تاکہ سیاح دونوں جگہوں تک پہنچ سکیں۔ ڈوکلام تقریباً 14 ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے اور راجدھانی گینگٹوک سے تقریباً 70 کلومیٹر دور ہے۔

اسی طرح Cho La کے مقام کو زیادہ تر 1967 میں بھارت اور چین کے فوجی دستوں کے تصادم کیلئے یاد کیا جاتا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆